http://www.sgbauonline.com/

**AV–867**

# M.A.(Part–I) Semester–I Examination
## URDU
## (Classical Poetry)
## Paper–2

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

ہدایات : ۱۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
۲۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔
۳۔ سوال نمبر ۱۔ لازمی ہے۔

سوال نمبر ۱۔ (الف) درج ذیل سے کوئی چار اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے تحریر کیجئے :

(۱) تجھ زلف اور دہن میں ہے مختصر مطول
تو صاحب درس ہے بوجھا ہوں روز اوّل

(۲) شراب شوق میں سرشار ہیں ہم
کبھو بے خود کبھو ہوشیار ہیں ہم

(۳) خوب رو خوب کام کرتے ہیں
یک نگہ میں غلام کرتے ہیں

(۴) کہا میں نے گل کا ہے کتنا ثبات
کلی نے یہ سُن کر تبسم کیا

(۵) منھ تکا ہی کرے ہے جس تس کا
حیرتی ہے یہ آئینہ کس کا

(۶) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا

(ب) (۱) ہوا جب زمیں سے وہ شعلہ بلند
ہوا میں ستارہ سا چمکا دو چند
شب مہ میں وہ یوں زمیں سے اٹھا
چلے شیر جس طرح سے جوش کھا
جلے رشک سے اس کے شمع و چراغ
کہ اس مہ کا پہنچا فلک پر دماغ
غرض لے گئی آن کی آن میں
اڑا کر وہ اس کو پرستان

**یا**



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

سنی شہ نے القصہ جب یہ خبر
گرا خاک پر کہہ کے ہائے پسر!
کلیجا پکڑ ماں تو بس رہ گئی
کلی کی طرح سے بکس وہ رہ گئی
ہوا گم وہ یوسف پڑی یہ جو دھوم
کیا خادمانِ محل نے ہجوم

(۲) ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی
ہنر پیدا کر اوّل ترک کچھ تب لباس اپنا
نہ ہو جو تیغ بے جوہر دگر نہ ننگ عریانی
فراہم زر کا کرنا باعثِ اندوہ دل ہووے
نہیں کچھ جمع سے غنچے کو حاصل جز پریشانی

**یا**

چہرہ مہ روش ہے ایک سنبل مشک فام دو
حسن بتاں کے دور میں ہے سحر ایک شام دو
میں وہ تنگ شراب اور ساقی کی چشم مست، یہ
کیوں کہ نہ بگڑے صحبت اب بادہ کش ایک جام دو
میرے تیرے یہ ربط ہے جیسے میان بحر و موج
واقعی میں تو ایک ہیں گو کہ ہوئے بنام دو

سوال نمبر۲۔ وؔلی کی شاعری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

**یا**

وؔلی کی غزلیہ شاعری کی نمایاں خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۳۔ میر تقی میؔر کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔

**یا**

میر تقی میؔر کی غزلیات میں سوز و گداز کی نشاندہی کرتے ہوئے تبصرہ کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ میر حسؔن کی مثنوی ''سحرالبیان'' کی خصوصیات بیان کیجئے۔

**یا**

میر حسؔن کی مثنوی نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ اردو قصیدہ نگاروں میں سوؔدا کا مقام متعین کیجئے۔

**یا**

سوؔدا کی قصیدہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔



http://www.sgbauonline.com/